Date: 31/01/25 Day: M T W T F S

31

Name — Ghazala
UFSID 387143
Batch 003

اسلامیات

Instructions

1. Give numbering to headings
2. Do not write lengthy paragraphs. Write medium sized paragraphs with headings.
3. Do not use table for comparison and contrast questions. Give small paragraphs with headings instead.
4. Draw figures/diagram/flowchart where needed.
5. Start new question from fresh page.
6. Give around 15 headings for 20 marks question.
7. Every question should have introduction and conclusion paragraphs.
8. Add Quran/Hadees references wherever possible.
9. Narrate incidents from the life of Holy Prophet (SAWW) and Khulafa-e-Rashideen.
10. Add one quotation of famous religious scholar in each question.

## سوال نمبر 2

← اسلام کے [illegible] کی خصوصیات بیان کریں۔ انسانی زندگی میں دین کی اہمیت کو واضح کریں۔

### تعارف

اسلام ایک [illegible] مذہب ہے جو انسان کی زندگی [illegible]
میں رہنمائی نہیں کرتا۔ بلکہ یہ [illegible]
یہ جو زندگی کے ہر معاملے میں انسان کی رہنمائی
کرتا ہے۔ خواہ وہ انفرادی ہو یا اجتماعی،
سیاسی ہو یا سماجی، قومی ہو یا بین الاقوامی ہر
معاملے میں مکمل رہنمائی کرتا ہے۔ اسلام کی بنیاد
توحید اور رسالت پر ہے۔ یہ انسان کو خالق
مرشد عطا کرتا ہے اور الہامی مذہب ہے۔ یہ
ایک سادہ مذہب اور اس میں مکمل توازن ہے
زندگی کا۔

### ← اسلام کے نمایاں پہلو

Date: __/__/__ Day M T W T F S

## ۱۔ توحید کا تصور

توحید اسلام کی پہلی خصوصیت ہے۔ جو کہ کلمے کا ابتدا اور اہم جز ہے۔ اس کا ذکر سورۃ اخلاص میں بھی آیا ہے۔ جیسا کہ:

قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔

ترجمہ: اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ کوئی اس سے پیدا ہوا ہے۔ اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے۔ اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔

والٰھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم۔

ترجمہ: اور تمہارا خدا ایک ہے۔ اس رحمن اور رحیم کے سوا کوئی خدا نہیں ہے۔

**سیرت النبی** جو کہ مولانا شبلی نعمانی نے لکھی ہے۔ اس کے مطابق

"توحید اسلام کا پہلا سبق ہے"

Date: / /                                                  Day: M T W T F S

## 2. رسالت

رسالت کلمے کا دوسرا حصہ ہے۔ اللہ کے ساتھ ساتھ یہ اسلام کی اہم خصوصیت بھی ہے۔ رسالت پر ایمان لانا۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے۔ کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول اور خاتم النبین ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبین

ترجمہ: "محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہے بلکہ اللہ کے رسول اور خاتم النبین ہے۔"

## 3. اسلام انسانیت کو خاص مرتبہ دیتا ہے

اللہ تعالیٰ نے اولاد آدم کو عزت سے نوازہ ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔

ترجمہ: "میں زمین پر اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں۔"

ولقد کرمنا بنی اسرائیل

ترجمہ: "میں نے اولاد آدم کو عزت سے نوازہ ہے۔"

Date: / /　　　　Day M T W T F S

وتعز من تشاء وتذل من تشاء

ترجمہ: اللہ تعالیٰ جسے چاہیے عزت دے جسے چاہیے ذلت دے۔

## 4۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ انسان کو انفرادی اور اجتماعی زندگی میں رہنمائی دیتا ہے۔ انفرادی زندگی میں جیسا کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو کان میں آذان دیتا عقیقہ کرنا پھر اس کی تربیت میں معاشرہ اور مسجد کا مقام ہے اسی طرح اسلام تعلیم اور تربیت پھر بہت زور دیتا ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث میں ہے۔

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔"

پھر اجتماعی زندگی میں بھی ہر پہلو میں رہنمائی دیتا ہے۔ خواہ معاشی ہو یا معاشی قومی ہو یا بین الاقوامی ہر پہلو کا احاطہ کرتا ہے۔

## 5۔ الہامی نظریہ حیات

ایک ایسا نظام ہے۔ جو کسی شخص کی ذہن کی تخلیق نہیں ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے

Date: / /

Day: M T W T F S

جس نے زمین اور آسمان پیدا کی ہے۔ جو مافی حال اور مستقبل پیش واقف ہے۔

## 6- دین و دنیا کی وحدت

اسلام نے دین و دنیا کی علیحدگی کو ختم کیا۔ جو باقی مذاہب میں ہے۔ کہ اللہ کی خوشنودی کے لئے خود کو اس دنیا سے بے فکر کرو۔

لا رھبانیہ فی الاسلام

ترجمہ: "اسلام میں ترک دنیا کا کوئی مقام نہیں ہے"

ولا تنس نصیبك من الدنیا

ترجمہ: "اور اس دنیا سے اپنا حصہ لینا نہ بھولو"

## 7- کامل توازن

اسلام ایک کامل توازن دیتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"میں سوتا بھی ہوں، روزہ بھی رکھتا ہوں، افطار بھی کرتا ہوں، عائلی زندگی بھی گزارتا ہوں، اس اللہ سے ڈرو، تمہارا آنکھوں کا تم پر حق ہے۔ تمہارا اہل و عیال کا تم پر حق ہے اس حق کو اس کے حقدار کو ادا کرو، روزہ بھی رکھو افطار بھی کرو نماز بھی پڑھو سویا بھی کرو"

Date: / /   Day M T W T F S

## 8- سادہ و عقلی مذہب

اس کی تعلیمات بہت سادہ ہیں۔ بنیادی اصول توحید اور رسالت پر ایمان لانا ہے یہ منحصر کتاب اللہ میں ہے یہ قرآن بتاتا ہے۔ کہ اللہ نے کن باتوں کا مطالبہ کیا ہے۔

## 9- ثبات اور تغیر

قرآن اور حدیث میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔ بلکہ یہ بالکل اپنی اصل حالت میں ہے۔ اور نہ کوئی اس میں تبدیلی کر سکتا ہے۔

لا تبدیل لکلمات اللہ

ترجمہ "اللہ کی تعلیمات میں کوئی تبدیلی نہیں ہے"

ولن تجد لسنت اللہ تبدیلا

ترجمہ: "تم خدا کی سنت میں تبدیلی نہیں پاؤ گے"

## 10- انفرادیت و اجتماعیت

اسلام انفرادیت اور اجتماعیت کے درمیان توازن رکھتا ہے۔ اسلام اس چیز کو پسند نہیں کرتا۔ کہ ایک شخص خود کو بالکل خود کو معاشرے سے الگ کرے۔

Date: / /　　　Day: M T W T F S

"مل جل کر رہو ایک دوسرے سے مت کٹو۔ دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرو مشکلات پیدا نہ کرو!!"

"وہ انسان نہیں جو اپنا پیٹ بھر لے اور اس کا پڑوسی بھوکا رہے"۔

## انسانی زندگی میں دین کی اہمیت

### (1) دین انسان کو رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

ترجمہ: یہ قرآن وہ راہ ہے۔ جو سب سے سیدھی ہے۔ اور ایمان والوں کو جو نیک کام کرتے ہیں۔ اس بات کی خوشخبری دیتا ہے۔ کہ ان کے لیے بڑا ثواب ہے۔

(القرآن)

### 2۔ دین انسان کو اندھیرے سے روشنی کی طرف لے جاتا ہے۔

ترجمہ "الر، یہ ایک کتاب ہے۔ جس نے اسے تیری طرف نازل کیا ہے۔ تاکہ لوگوں کو

Date: / / Day M T W T F S

اندھیرے سے روشنی کی طرف لے جائے "۔

## 3- دین عقل و علم کا ذریعہ ہے

یٰس ۔ والقرآن الحکیم

ترجمہ: یٰس ۔ حکمت والے قرآن کی قسم ہے

## 4- اچھائی و برائی کے اصول مرتب کرتا ہے

شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ھدی للناس وبینت من الھدی والفرقان

ترجمہ: رمضان کا وہ مہینہ ہے ۔ جس میں قرآن اتارا گیا ہے جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور ہدایت کی روشن دلائل اور حق و باطن میں فرق کرنے والا ہے "

## 5- دین موجودہ دور کے انسانی مسائل کا علاج فراہم کرتا ہے

ترجمہ: " اور ہم قرآن میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں جو ایمانداروں کے حق میں شفاء اور رحمت ہے اور ایمانداروں کو اس سے نقصان پہنچتا ہے " ۔

Date: / /                                                  Day: M T W T F S

## 6- امن عالم کا قیام

واللہ لا یحب الفساد

ترجمہ: "اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا"

## 7- انصاف کا قیام کا ذریعہ

اللہ الذی انزل الکتب بالحق والمیزان

ترجمہ: "اللہ ہی ہے۔ جس نے سچی کتاب اور ترازو نازل کی"

3

## حاصل کلام

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ جو ہر پہلو کا احاطہ کرتا ہے۔ خواہ انفرادی ہو یا اجتماعی، سیاسی ہو یا معاشی، قومی ہو یا بین الاقوامی ہر پہلو میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

---


## سوال نمبر 3

اسلامی ثقافت کے اہم نکات اور اس کے فرد اور معاشرے پر اثرات کی وضاحت کریں۔

Date: / / Day: M T W T F S

# تعارف

اسلام کے بنیادی عقائد میں توحید، رسالت، ختم نبوت، آخرت، ملائکہ پر ایمان اور آسمانی کتابوں شامل ہیں۔ ان تمام پر ایمان کر انسان اسلام کے دائرہ میں شامل ہو سکتا ہے اگر انسان کسی ایک عقیدہ پر یقین کرے اور صرف ایک میں بھی شک و شبہ ہو تو وہ مسلمان نہیں ہے۔ ان بنیادی عقائد کے انفرادی اور اجتماعی اثرات ہیں۔ جیسا کہ خودداری اور عزت نفس، اطمینان قلب، تقوی اور پرہیزگاری، احساس ذمہ داری، اخوت وغیرہ تک شامل ہے




Explain these beliefs briefly

Date: / /　　　　　　　　Day: M T W T F S

اسلامی عقائد کے اہم نکات اور اس کے معاشرے پر اثرات

## (1) توحید

**لغوی معنی**

وحدت سے ماخوذ ہے۔ جو اتحاد کرنے اور متحد ہونے کی طرف دلائل دیتا ہے۔

**اصطلاحی معنی**

**ابن القیم**

"مطلق مالک کے ساتھ خدا سے محبت کرنا"

**الفرابی**

"اللہ ہی مناسب نام ہے جو خدا نے اپنے لیے پسند کیا ہے۔"

خدا کی ظاہری اور باطنی وحدانیت کو اسلام میں لفظ توحید سے بیان کیا گیا ہے۔

**توحید کے انفرادی و اجتماعی اثرات**

**انفرادی اثرات**

Date: / /
Day: M T W T F S

## (۱) خودداری اور عزت نفس

توحید پر ایمان لانے کے بعد انسان ہر نفع و نقصان ، عزت و ذلت ہر چیز کا مالک خدا کو سمجھتا ہے۔ پھر وہ کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتا اور اسی طرح پھر وہ خودداری و عزت نفس کا مالک بن جاتا ہے۔

## 2۔ عاجزی و انکساری

انسان پھر خود کو غلامی سے آزاد کرتا ہے۔ اور صرف خدا کی بندگی کرتا ہے۔ پھر اس میں تکبر پیدا نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ عقیدہ کہ بڑائی صرف اللہ کے لیے ہے۔

## 8۔ شجاعت و استقامت

ایمان لانے کے بعد انسان بہادر اور جری ہوتا ہے۔

وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

ترجمہ: نہ انہیں ڈر ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

## اجتماعی اثرات

## (۱) اخوت و مساوات

اللہ کی نظر میں سب برابر ہیں۔

ترجمہ: بیشک اللہ کے نزدیک سب

Date: __/__/__ Day: M T W T F S

سے عزت والا وہ ہے۔ جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔

(سورۃ الحجرات)

"کسی عربی کو عجمی پر اور کسی گورے کو کالے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے سوائے تقویٰ کے"

**2- عادلانہ معاشرہ**

ایک ایسا معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ جس کی بنیاد عدل و انصاف پر ہوتا ہے۔

ترجمہ: "یقیناً اللہ تمہیں عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے"

(القرآن)

"اگر فاطمہ بنتِ محمد بھی چوری کرتی تو میں اس کے ہاتھ کاٹتا"

(حدیث)

**رسالت**

رسالت کے لفظی معنی ہے۔ پیغام پہنچانا۔ اور نبی کے معنی ہے خبر دینا۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کی رہنمائی کے لیے ہر قوم میں رسول بھیجے تاکہ ان کو گمراہی سے نکال کر نیکی کی طرف لے آئے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

Date: / /

Day M T W T F S

## ولقد بعثنا فی کل امۃ رسول

ترجمہ: "اور ہم نے ہر قوم میں رسول بھیجا ہے"

## ولکل امۃ رسول

ترجمہ: "اور ہر قوم کے لیے ایک رسول ہے"

## عقیدہ آخرت

**لفظی معنی** آخرۃ کے لفظی معنی ہے۔ "بعد میں آنے والی"

اسلام میں آخرت کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔ کہ قیامت برپا ہوگی، اور ساری کی ساری کائنات ٹوٹ پھوٹ ہو جائے گی۔ پھر مرے ہوئے زندہ ہونگے اور اعمال کا حساب کتاب ہوگا۔

## ← عقیدہ آخرت کے انفرادی اثرات

(۱) **تزکیہ نفس** انسان کے اندر تزکیہ نفس پیدا ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اسے یقین ہوتا ہے کہ ہر گناہ کا حساب پھر دینا ہوگا۔

ترجمہ: کامیاب ہو گیا جس نے اپنے نفس کو پاک کیا۔

Date: / /　　　　Day: M T W T F S

## شجاعت اور جری

آخرت پہ ایمان سے انسان کے اندر شجاعت پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ یہ چیز کا مالک خدا کو سمجھتا ہے۔

حدیث: "اگر پوری امت تمہیں نقصان پہنچانے کا ارادہ کرے تب بھی وہ کچھ نہیں کر سکتے سوائے اس کے جو اللہ نے لکھا ہے"۔

## اجتماعی اثرات

### 1- انفاق فی سبیل اللہ

عقیدہ آخرت مفلسوں اور ضعیف لوگوں کی مدد کرنے کا درس دیتا ہے۔ اور جب انسان اللہ کی راہ میں بغیر کسی لالچ کے خرچ کرتا ہے۔ تو اس سے بڑا ثواب ملتا ہے۔

### 2- جذبۂ فلاح انسانیت

گناہوں سے پرہیز
برائیوں سے اجتناب
برے کاموں سے دوری
نیکی اور اچھائی سے محبت

جب کسی معاشرے میں یہ سب پیدا ہو جاتا ہے۔ تو پھر وہ جگہ سکون جنت کی ریاست بن جاتا ہے۔

12

## حاصل کلام

اسلام کے اخلاقی چار بنیادی عقائد میں توحید، رسالت اور آخرت شامل ہیں۔ ان پر ایمان لانے کے بعد معاشرے میں انفرادی و اجتماعی مثبت اثرات پیدا ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ خودداری و عزت نفس، شجاعت، باہمی مساوات، عالمگیر معاشرہ، انفاق فی سبیل اللہ اور جذبہ فلاحی اثرات شامل ہیں۔ یہ تمام پہلو اگر کسی معاشرے میں ہو۔ تو صحیح معنوں میں ایک فلاحی اسلامی ریاست قائم ہو جاتی ہے۔

---

## سوال نمبر 4

**حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کو صلح کے علمبردار اور عسکری حکمت عملی رکھنے والے نمونے کے طور پر بیان کریں**

## تعارف

اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امن کے داعی تھے۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیغمبر امن و سلامتی تھے۔ اسلام کا مقصد دنیا میں امن اور سلامتی لانا ہے۔ اور یہی مشن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھی تھا۔ اسی مشن کو پورا کرنے کے لیے آپ کو خاص مہارت

Date: / /                                                  Day: M T W T F S

حاصل تھا عسکری حکمت عملی کا۔ اور اسی حکمت عملی کی وجہ سے جتنی بھی جنگیں ہوئی تھی تو اس میں نقصان بہت کم ہوا تھا۔

## ← نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحیثیت پیغمبر امن

### (1) مکہ میں آپ کے امن پسند اقدامات

- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پرامن طریقے سے تبلیغ کی۔
- اپنے خلاف ظلم و ستم سہے۔
- دوبارہ مسلمانوں کو ہجرت حبشہ کا حکم دیا۔
- اہل یثرب کو بیعت عقبہ اولی و ثانیہ کے ذریعے اسلام کی طرف مائل کیا۔
- قریش مکہ کے ظلم و ستم کی وجہ سے شعب ابی طالب میں محصور رہے اور کوئی بھی جارحانہ رویہ اختیار نہیں کیا۔

### 2- مدینہ میں آپ امن پسندانہ اقدامات

- اوس و خزرج کی لڑائی ختم ان کو انصار مدینہ کی صورت میں یکجا کیا۔

Date: / /  Day M T W T F S

- انصار مدینہ اور مہاجرین مکہ کی لڑائی ختم کر کے ان کے درمیان اخوت کا رشتہ قائم کیا۔

- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود مدینہ کو میثاق مدینہ کے ذریعے اپنا ہمنوا بنا لیا۔

- صلح حدیبیہ میں آپ کی سخت شرائط پر محمل کرکے جنگ سے اجتناب کیا۔

- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارتکاری کے ذریعے غیر ملکی اہلیان کو خطوط ملنے کے بعد انہوں نے اسلام قبول کیا۔

- فتح مکہ سب عام معافی کا اعلان کیا گیا۔

- حجۃ الوداع میں خون خرابہ کو ختم کیا۔

## 3- آپ کے تشکیل کردہ جنگی اصول

- وہ لوگ جو جنگ میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر بوڑھے، عورتیں، بیمار، زخمی ان کو قتل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

- دشمن کو زندہ جلانے کی ممانعت۔

- باغوں کا اکھاڑنا، باروں، مکان، باپ ان کی ممانعت۔

- قیدیوں کو قتل کرنے کی ممانعت۔

- فصلات و باغات کو نقصان پہنچانے کی ممانعت۔

Date: __/__/____ Day: M T W T F S

## آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جنگی حکمت عملی

a. دشمن کا سیاسی تدابیر مقابلہ کرنا
b. دشمن کے حالات کی خبر رسانی
c. انتہائی رازداری
d. اقتصادی دباؤ ڈالنا
e. حالات و سرگرمیاں
f. میدان جنگ میں فوجی دستوں کی عمدہ صف آرائی

6/